سلسلہ اشاعت نمبر 1

آفتاب ہدایت کا پہلا اور تحریف سے پاک عکسی ایڈیشن

آفتابِ ہدایت

ردِّ رفض و بدعت

مع مناظراتِ ثلاثہ

مناظر اسلام فاتح رافضیت قاطع وہابیت شیر پنجاب حضرت علامہ

ابو الفضل محمد کرم الدین دبیر علیہ الرحمۃ بھیں ضلع جہلم

(متوفی ۱۹۴۶ء)

مسلک دبیر پر محرفین کے شبہات کا ازالہ

از: میثم عباس قادری رضوی

ادارہ تحفظ عقائدِ اہلسنت پاکستان

(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

۷۸۶

جاء الحق وزهق الباطل

ردِ عقائد و مسائل شیعہ میں جامع و لاجواب کتاب

موسومہ

آفتابِ ہدایت

ردّ

رفض و بدعت

مؤلفہ

شیر اسلام ابو الفضل مولوی محمد کرم الدین صاحب دبیر

رئیس بھیں ضلع جہلم

مطبوعہ کریمی سٹیم پریس لاہور

تعداد جلد ایک ہزار ۱۰۰۰

قیمت فی جلد

ہیں۔ اس میں بھی عورت و مرد باہم راضی ہو جاتے ہیں۔ یہاں تو صرف پانی پلایا گیا۔ وہاں روپیہ بھی دیا جاتا ہے۔ اور یہاں پیاس کی مجبوری تھی۔ وہاں بھوک ستاتی ہے۔ پھر وہ بطریق اولے نکاح ہو گیا۔ زناہ نہ رہا۔ تعجب ہے کہ ارکان نکاح دو گواہ و ایجاب و قبول سے ایک بات بھی نہ ہوئی۔ عورت مجبوری سے بدکاری پر راضی ہو گئی۔ اس کی کانشنس نے اسے شرمندہ کیا۔ وہ سمجھتی تھی۔ کہ میں نے خلافِ شرع جرم زناہ کا ارتکاب کیا ہے۔ خوفِ عقبیٰ سے دربار شریعت میں گئی۔ تاکہ سزا ہو کر عفو جرم ہو۔ امیر علیہ السلام نے حکم دیدیا۔ سزا کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ بلکہ یہ تو نکاح میں داخل ہو گیا ہے۔ یہ کس قدر بہتان امیر علیہ السلام پر ہے۔ مخالف اسلام یہ واقعہ سُن لے۔ تو وہ کیا کچھ بکواس کرے۔ یہ شیعیان علی رضی اللہ عنہ ہیں۔ جو آپ کو یوں مطعون کرتے ہیں۔ ؎

من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم ؎ کہ بامن ہرچہ کرد آں آشنا کرد

کسی نے سچ کہا ہے ؎ دشمنِ دانا بہ از نادانِ دوست۔

اکتیسواں مسئلہ شیعہ مذہب میں ہے۔ کہ عورت اونٹ پر سوار ہو اور مرد جماع کرنا چاہے۔ تو بھی اسے انکار نہ کرنا چاہئے۔ تحفۃ العوام صلہ ۲۷۶ میں ہے "شوہر کو منع نہ کرے جماع سے اگرچہ پشت شتر پر ہو"۔ اللہ رے بے شرمی۔

بتیسواں مسئلہ لڑکے کو ختنہ تو سب لوگ کیا کرتے ہیں۔ شیعہ مذہب کے رو سے لڑکیوں کو بھی ختنہ کرنا چاہئے۔ فروع کافی جلد ۲ صـ۱۷ میں ہے۔ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ اَلْخِتَانُ سُنَّۃٌ فِی الرِّجَالِ وَمَکْرُمَۃٌ فِی النِّسَاءِ (ترجمہ۔ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا۔ ختنہ لڑکوں میں تو سنت ہے اور عورتوں میں باعثِ فضیلت ہے) ایسا ہی حق الیقین اردو صـ۲۷ میں ہے "ختنہ کا حکم سنت واجب ہے پسر کے لئے۔ اور دختر کیلئے شوہر کے نزدیک اس کی قدر و منزلت کا باعث ہے"۔ واہ چہ خوش۔

تینتیسواں مسئلہ شیعہ مذہب کے رو سے خصی مرد سے عورتوں کو ستر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ فروع کافی جلد ۲ صـ۲۳۱ میں ہے۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ بَزِیْعٍ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَیْہِ السَّلَامُ عَنْ قِنَاعِ الْحَرَائِرِ مِنَ الْخِصْیَانِ قَالَ کَانُوْا یَدْخُلُوْنَ عَلٰی بَنَاتِ اَبِی الْحَسَنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَلَا یَتَقَنَّعْنَ قُلْتُ فَکَانُوْا

؎ ایسا ہی فروع کافی جلد ۲ صـ۲۱۹ میں ہے۔

Marfat.com